Posted on Kitab Nagri




کتاب نگری

**www.kitabnagri.com**

Posted on Kitab Nagri

اسلام علیکم!

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ آپنا لکھاہو ادنیاتک پہنچاناچاہتے ہیں۔تو

www.kitabnagri.com آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کررہی ہے۔

اگر آپ ہماری ویب پر اپناناول،ناولٹ،افسانہ،کالم،ارٹیکل یاشاعری پوسٹ کرواناچاہتے ہیں تو

ابھی ای میل کریں۔

samiyach02@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کرسکتے ہیں۔

Fb/Page/Social Media Digest

Fb/Pg/Kitab Nagri

samiyach02@gmail.com

Posted on Kitab Nagri

# میری محبت میری تباہی

## زنیرہ ریاض

مکمل ناول

محبت میں بہک جانے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔اور نادانی میں محبت کے نام کی گئی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔کچھ نادانیوں کے نام۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

********

میں تھک چکی ہوں چل چل کر اففف۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ریحاب نے تیز دھوپ میں ہاتھوں میں کپڑوں سے بھرے شاپر اٹھائے ہوئے کہا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

بی بی ہاتھ میں زرا بھی پیسا نہیں بچا اب جو رکشہ کرلیں۔۔۔اور موبائل بھی بند ہو گیا ہے۔۔۔چارج کر کے لائی تھی بیہوش ہو گیا ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

حریم نے کہا۔۔۔۔۔۔۔پانی پی لو کہیں رک کر۔۔۔ورنہ میں نے گر کر روڈ پہ ہی سو جانا ہے۔۔۔۔۔ریحاب بولی۔۔۔۔۔۔

گرمی کے دن اور آسمان سورج سے جیسے آگ برسا رہا ہو۔۔۔آدھی دوپہر کو روڈ پہ دور دور تک کوئی نظر نہیں آرہا تھا۔۔۔۔۔دھوپ اتنی تیز کے پرندے بھی مارے مارے پھر رہے تھے۔۔۔۔۔۔۔سائے کی کہیں بیٹھنے کی جگہ نظر میں نہیں آئی۔۔۔۔۔۔۔۔

واہ۔۔۔۔سورج اتنی بھی کیا آگ برسا رہے ہو۔۔۔۔۔۔۔ریحاب بولی۔۔۔۔۔۔

ہیلو بیوٹیفل گرلز۔۔۔۔۔۔۔گاڑی پاس آکر رکی جس میں سے ایک لڑکا گردن باہر نکال کر بولا۔۔۔۔۔

کیا میں آپ لوگوں کو آپکے گھر تک چھوڑ سکتا ہوں ؟؟

اس لڑکے نے کہا۔۔۔

بھائی سن۔۔۔میری چپل بھی اس گرمی میں چل چل کر بہت گرم ہو چکی ہے خدا گواہ ہے پاؤں جل رہے ہیں۔۔۔۔تم دماغ کی دہی نہیں بناؤ۔۔۔۔۔۔جاؤ شکریہ تمہارا۔۔۔۔۔ریحاب نے رک کر کہا۔۔۔۔۔۔

حریم نہیں رکی تھی وہ آہستہ آہستہ چلتی جا رہی تھی۔۔۔ماتھے پہ پسینے کی بارش۔۔۔اور ہاتھوں سے جان ختم لگ رہی تھی۔۔۔۔۔

لڑکا ریحاب کو بول کر اپنی گاڑی سے باہر بیزاری اور منہ لٹکائے دروازے پہ منہ رکھ کے اسے جاتے دیکھتا رہا۔۔۔۔۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted on Kitab Nagri

یہ پڑھے لکھے لوگ بھی گاڑیوں پہ گھوم کر پتا نہیں خود کو کیا سمجھتے ہیں۔۔۔۔۔۔

ریحاب نے سڑک پار کرتے ہوئے کہا۔۔۔

او بی بی بس کر دے خدا کے لیے اب میرا بولنے کا دل نہیں ہے گھر آ گیا ہے شکر۔۔۔۔۔۔۔۔ حریم نے گھر کا باہر بچوں کو کھیلتے دیکھ کر کہا۔۔۔۔

خالہ آ گئیں آ گئیں واپس۔۔۔۔۔ ہی۔۔۔۔ تم لوگ اتنی گرمی میں باہر کیوں کھیل رہے ہو۔۔۔ کتنی گرمی ہے حال دیکھا ہے تم لوگوں نے اپنا۔۔۔۔ اماں کہاں ہے تمہاری۔۔۔

ریحاب کہتی ہوئی اندر چل دی۔۔۔۔

افففف۔۔۔

اج تو بہت تھک گئے اماں اتنی گرمی۔۔۔

پنکھا چلا دو کوئی پانی لا دو۔۔۔

معزرت پانی لے لو لائٹ نہیں ہے۔۔۔۔

ہانیہ نے پسینہ صاف کرتے ہوئے ریحاب کو پانی کا گلاس پکڑایا۔۔۔۔۔

اس لائٹ کو بھی لازمی ابھی جانا تھا ایک اتنی گرمی ہے اور لائٹ لے کر کیوں بد دعائیں لیتے ہو کمبختو۔۔۔

ریحاب میمونہ کے ہاتھ سے پنکھا کھینچ کر خود جو ہوا دینے لگی۔۔۔۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

افف اللہ بچوں۔۔۔۔۔

اندر آؤ گرمی لگ جائے گی۔۔۔

حریم بچوں کو پکڑ کر آ رہی تھی۔۔۔

آ گئی مہارانی لکشمی لائٹ۔۔۔۔۔

ریحاب پنکھے کو آہستہ آہستہ چلتا دیکھنے لگی۔۔ اس نے آنکھیں بند کر منہ اوپر پنکھے کے طرف کر لیا وہ ہوا لے رہی تھی۔۔۔۔

ریان۔۔۔۔ "

ریحاب نے کہا۔۔۔۔

میاں زرا فون لگا کر تو دیکھو کپڑے والے نے سلائی کر دیے ہیں یا نہیں۔۔۔۔

میں زرا کھانا بنا لوں اب۔۔۔

ریحاب اٹھتے ہوئے بولی۔۔۔۔

ریان نے سر ہلا کر جواب دیا تھا۔۔۔۔

سب کھانا کھا رہے تھے۔۔۔ ساتھ گپ لگا رہے تھے۔۔۔۔۔ بچے کھانا کھاتے کھیل بھی رہے تھے۔۔ اور اپنے ہاتھوں کپڑوں پہ داغ دھبے لگا کر اب نیچے زمین پہ بیٹھ کر کھیلنے لگے۔۔۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

اج رات سب مل کر ہلا گلا کریں گے۔۔۔

خنساء نے کہا۔۔۔ ممتاز نے اس کی بات کو آگے بڑھاتے ہوئے کہا۔۔۔ پہلے گھر کا حلیہ ٹھیک کر لو پھر کسی کو گھر بلانا۔۔۔

اماں کیا آپ۔۔۔

کام ختم نہیں ہوتے تو اب کیا کچھ نہیں کریں۔۔۔ خنساء نے منہ بناتے ہوئے کہا وہ کسی بچے کی طرح ناراضگی کا اظہار کرتے ہوئے کہا۔۔۔

ریحاب ہنستے ہوئے۔۔۔

ممتاز آپا۔۔۔

آپکی بیٹی بہت ڈرامے باز ہے۔۔۔

وہ اپنی ماں کو مزاق سے ممتاز آپا کہ رہی تھی۔۔۔

اچھا بھئی جو مرضی کرو۔۔۔ تم لوگوں نے ہی تو کرنا ہے۔۔۔ یہ سب۔۔۔

مجھے تو بس ایک کپ چائے کا دے دو۔۔۔

نانو نانو۔۔۔

ریحان بھاگتا ہوا آیا۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

باہر کوئی انکل آئے ہیں وہ ماموں کو بلا رہے ہیں۔۔۔۔

ریحان ممتاز کہ پاس آکر ایک سنسنی میں تیزی سے بول رہا تھا۔۔۔

میرے پتر۔۔۔بیٹا آرام نال بول کی ہویا اے۔۔۔۔ممتاز نے ریحان کی کمر پہ ہاتھ رکھتے ہوئے کہا۔۔۔۔

ریحان بول کر بھاگ گیا۔۔۔۔ارے آرام سے بھاگا کرو۔۔۔یہ بچے بھی ناں۔۔۔۔

اماں مجھے نہیں پتا اس کو بھی کہیں میرے ساتھ کام کروائے۔۔۔۔۔

خنساء بال پیچھے کرتے ہوئے ہاتھ میں کپڑا پکڑے سیڑیوں سے نیچے اتراتے ہوے بولتے نیچے آرہی تھی۔۔۔

توبا توبا۔۔۔اللہ معافی۔۔۔ریحاب نے کہا۔۔۔۔اماں ابھی کام کروا کر نیچے آئی ہوں جھوٹی۔۔۔۔

دونوں لڑ

پڑیں تھے تقریباً۔۔۔

مجھے ابھی شاپنگ کرنی ہے ماما۔۔۔ہادیہ نیل پالش لگاتے ہوئے بولی۔۔۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

افت ہادیہ کے پاس بیڈ پہ بیٹھی فروٹ کاٹ کر اس کے سامنے پلیٹ میں رکھ رہی تھی۔۔۔

افت ایک سیدھی سادھی عورت تھی جو ہر وقت ہاتھ میں تسبیح رکھے ورد کرتی تھی۔۔۔۔۔شلوار کے ساتھ گھٹنوں تک قمیص پہنتی تھی۔۔۔اس کا یہی سٹائل تھا۔۔۔بال کھلے رکھتی تھی۔۔۔۔بال کھلے ہوتے تو آفت بیٹی سے زیادہ جوان اور خوبصورت نظر آتی تھی۔۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

بیٹا میری ہادیہ وہی جا کر باقی شاپنگ کر لینا کچھ دن تو پہلے جا کر رہو۔" وہاں۔۔۔۔۔۔ افت نے کہا۔۔۔ رہنے دیں اماں یہ آپ والا دور نہیں ہے اب۔۔۔ کہ مہینے پہلے جا کر شادیوں سے پہلے رہیں۔۔۔ کام کروائیں۔۔۔ اور تیاریوں میں ہاتھ بٹوائیں۔۔۔۔ یہ گلوبل ولیج کا دور ہے میری پیاری اماں۔۔۔۔ ہادیہ افت کے دونوں گال ہاتھوں سے بچوں کی طرح کھینچ کر اٹھ کھڑی ہوئی۔۔۔۔

میرا بیٹا میرا بھانجا۔۔۔۔ میں بہت خوش ہوں۔۔۔ آخر منہ بولی خالہ ہی سہی۔۔۔ تجھے یاد تو آئی میری جو تیرا دل کیا آنے کا میرے پاس۔۔۔۔

ارے خنساہ بچیوں کہاں ہو کچھ کھانے کا لاؤ بھائی کے لیے۔۔۔۔

ممتاز اونچی آواز میں بولی۔۔۔۔۔

"اماں شہر سے آیا ہے بڑے شہر سے۔۔۔۔۔ اچھے والا جوس لایا ہوں۔۔۔۔۔ !!

زیشان نے جوس کی بوتل اور کچھ سور کھانے کے چیزیں آکر ممتاز کے پاس رکھیں۔۔۔۔

کرک کی دھوپ تھی۔۔۔ ملتان میں سورج ہمیشہ کی طرح آگ برسا رہا تھا۔۔۔

ماز پسینہ صاف کرتے ہوتے کبھی دائیں طرف افت جو جواب دیتے ہوئے دیکھتا تو کبھی بائیں۔۔۔۔ وہ اپنے کالر کو بھی جھٹک رہا تھا۔۔۔۔ پسینے سے کپڑے تقریباً گیلے ہو چکے تھے۔۔۔ اسے گرمی کا کوئی خاص تجربہ نہیں تھا ۔۔۔ وہ تو یہ جانتا تھا کہ شہری علاقوں میں لائٹ جاتی ہے مگر اتنی گرمی کا سامنا کرنا ہو گا اندازہ نہیں تھا لائٹ

Posted on Kitab Nagri

ایک بار پھر آکر چلی گئی تھی۔۔ پھینکا آہستہ آہستہ چلتا چلتا بند ہو گیا۔۔۔ جیسے کسی نے سوئچ ہی بند کر دیا ہو۔۔۔۔۔۔

رات کا اندھیرا ہر طرف چھا گیا تھا۔۔۔جوں جوں رات ڈھل رہی تھی۔۔۔ آسمان پر ستاروں کا نور گہرا ہو رہا تھا۔۔۔ آسمان سرمئی سیاہ ہوتا جا رہا تھا۔۔۔۔۔

کہکشاں کی روشنی سب سے پرنور دکھائی دے رہی تھی۔۔۔۔

ماز اور اضفر دونوں ایک ساتھ چارپائی پر لیٹے ہوتے چھت پر باتیں کر رہے تھے۔۔۔زیشان بچوں سے ساتھ کی ساتھ والی چارپائی پر سو گیا تھا۔۔۔۔۔۔

تم لوگوں کو نیند آجاتی ہے کیا اس طرح؟ہچکچاتے ہوئے اخر ماز نے کہا۔۔۔۔

ہاں بھئی کوئی مسئلہ ہے تمہیں؟

اضفر نے اس کے طرف دیکھا۔۔۔ ارے نہیں یار۔۔۔

تن کن ایسے مل کر کھاتے پیتے ہو سوتے ہو بیٹھتے ہو۔۔۔ ہم ایسا نہیں کرتے۔۔۔ یہ سب پہلی بار دیکھ رہا ہوں۔۔۔۔۔۔اس لیے !!"...

ماز نے کہا۔۔۔

اس لیے تمہیں ہم سب بھی عجیب مخلوق کے رہے ہیں؟

Posted on Kitab Nagri

زیشان کہ کر زور سے ہنسا۔۔۔۔۔۔

گاؤں کی راتیں بھی کتنی عجیب ہوتی ہیں ناں۔۔۔۔۔۔ ہر طرف اندھیرا چھایا ہوا۔۔۔۔۔۔ ٹھنڈی ہوا سے جھومتے پتے۔۔۔۔۔۔ جو رات کی تاریکی میں بھی نظر آتے ہیں تو ایک دلکش منظر لگتا ہے۔۔۔۔۔۔ ٹھنڈی راتوں میں چاند کی چاندنی۔۔۔ ہر طرف خاموشی۔۔۔ ٹھنڈی ہوا۔۔۔ ہاتھ میں ایک چائے کا کپ۔۔۔ اور ٹھنڈ میں بیٹھ کر چائے پینا۔۔۔۔۔۔ تاریکی میں بیٹھ کر چاند کو دیکھنا۔۔۔۔۔۔۔ ستاروں کا ہجوم۔۔۔ اور دھوم سے اب و تاب سے چمکتے ستارے۔۔۔۔۔۔ کہکشاں کی روشنی۔۔۔ جھرمٹ ستاروں کا۔۔۔ ٹھنڈی راتوں میں۔۔۔ ایک عجیب سناٹا۔۔۔ اور تاریکی۔۔۔

زیشان نے کہا۔۔۔۔۔۔

تم واقعی زیادہ نوٹ کر رہے ہو بھائی۔۔۔ یہ سب عام ہے ہمارے لیے۔۔۔۔۔ لیکن تم نے تو مجھے بھی سوچنے پہ مجبور کیا ہے۔۔۔ کبھی سوچا ہی نہیں۔۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اضفر نے کہا۔۔۔۔ وہ باتیں کرتے کرتے کب سو گیا پتا نہیں چلا۔۔۔ زیشان اب بھی جاگ رہا تھا۔۔۔۔

باہر درخت ہلکی ہلکی ہوا سے جھومتے رہے تھے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ پتے ہلتے دکھائی دے رہے تھے۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ایک عجیب سکون سناٹا اور چڑیوں کی چہچہاہٹ سنائی دے رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔ جس کے ساتھ کہیں دور سے کوئل کے سوز بھی جانوں میں پڑ رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ہلکی ٹھنڈی ہوا کے ساتھ ہلکی دھوپ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اور چاروں طرف درختوں کا ایک دلکش منظر۔۔۔۔۔۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

صبح اذانوں کے وقت ہی بچے اٹھ گئے تھے۔۔۔۔ان کے باتیں کرنے اور چارپائی پہ بیٹھ کر کسی چیز کی پلاننگ کرنے کے آواز آرہی تھی۔۔۔۔زیشان نے نیم بند آنکھوں سے ایک جھلک ان کو دیکھا۔۔۔اور واپس آنکھوں پہ بازو رکھ کے سو گیا۔۔۔۔۔

سب اٹھ کر اپنے کاموں میں مصروف تھے زیشان بغیر کسی خبر آواز کے گھوڑے

بیچ کر چھت پہ ابھی تک سو رہا تھا۔۔سورج کی روشنی دھوپ اب اس پہ پڑنے لگی تھی۔۔۔۔۔بچے ایک دوسرے کے پیچھے بھاگتے ہوئے۔۔۔چھت پہ آکر زیشان کی چارپائی کے ارد گرد گھومنے لگے۔۔۔۔

اوہ بچوں کیا یار۔۔۔۔

زیشان نے آنکھیں کھول کر دیکھا۔۔۔۔

ماموں اٹھ جاؤ۔۔۔ہم سب تو کب کے اتھ گئے۔۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

آیت نے کہا۔۔۔

واٹ؟اتنی دیر ہو گئی مجھے۔۔۔اس نے دھوپ سے آنکھیں بند کرتے۔۔۔آنکھوں پہ ہاتھ رکھتے ہوئے کہا

۔۔۔۔۔

اماں ناشتا بن گیا ہے۔۔۔۔بچوں بھائی سارے بیٹھ جاؤ ایک جگہ۔۔۔تندور پہ روٹیاں لگواتی خنساء نے آواز دے کر کہا۔۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

زیشان سیڑھیاں اترتا نیچے آرہا تھا۔۔۔ تندور سیڑھیوں کی آخری سیڑھی پاس بنا تھا۔۔۔۔۔۔

آمیرا بچہ۔۔۔۔۔

روٹیاں لگاتی کدسیہ نے زیشان کو نیچے آتا دیکھ کر ایک طرف ہوتے کہا۔۔۔۔

زیشان۔۔۔ پینٹ پہنے اور ہلکے نیلے رنگ کی شرٹ پہنے بازو لپیٹے ہوئے۔۔۔ بال کالے سیاہ ہاتھ سے سیٹ کرتے ہوئے۔۔۔ رنگ سفید ایک ہاتھ پینٹ کی جیب میں ڈالے ہوئے تھا۔۔۔۔۔

وہ کسی ہیرو سے کم نہیں لگ رہا تھا۔۔۔۔۔۔

مجھے ہاتھ منہ دھونا ہے یار۔۔۔ زیشان نے اسفند سے کہا جو خرگوش کو روٹی کے ٹکڑے ڈال رہا تھا۔۔۔۔

آؤ جی آؤ۔۔۔ سرکار۔۔۔ اسفند اسے آتا دیکھ کر اٹھ کھڑا ہوا۔۔۔۔۔۔

یار نلکا تو خراب ہے تمہیں موٹر چلا دیتا ہوں پائپ سے منہ دھو لو یہیں گھاس پہ۔۔۔۔۔۔

اسفند نے موٹر جس بٹن چلاتے ہوئے کہا۔۔۔۔

"واٹ؟ یار !!!"...

اچھا۔۔۔

زیشان علی گھاس پہ پیروں کے بل بیٹھ کے منہ دھونے لگا۔۔۔۔۔۔

"واؤ۔۔۔ کیا موسم نے ہیا کی ہے یار۔۔۔۔ دیکھو۔۔۔۔۔۔!!

Posted on Kitab Nagri

رداشال کندھوں پہ ڈالے بھاگ کے بارش کی آواز سن کر اٹھی۔۔۔۔۔

ہادیہ ابھی بھی بستر میں لیٹی سوئی ہوئی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔

صبح صبح کے وقت مری میں۔۔۔

بارش کے قطرے زمین پہ پڑ رہے تھے۔۔۔ ہر طرف ایک دھندلاہٹ کا سماں تھا۔۔۔۔بارش کے قطرے موتیوں کی مانند لگ رہے تھے۔۔۔۔ کہ انسان اس کو ہاتھ سے پکڑ کے چھوئے۔۔۔ ٹھنڈی ہوا چل رہی تھی۔۔۔جو کھڑکی سے اندر آرہی تھی۔۔۔بارش کی ہلکی ہلکی آواز کانوں میں پڑ رہی تھی۔۔۔۔۔

بیٹا آپ دونوں نے اج ایک بجے کی گاڑی سے ملتان نکلنا ہے تیار ہو جاؤ۔۔۔۔۔۔

ایک گھر میں ایک بوڑھی عورت نے چھوٹا سا آرام دہ ہوٹل بنایا ہوا تھا جس میں لوگ آکر آرام کرتے تھے۔۔۔وہ بوڑھی اپنے شوہر کے ساتھ رہتی تھی۔۔۔ان کے بچے نہیں تھے۔۔۔بوڑھی عورت کافی بوڑھی تھی۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ہاتھ میں لکڑی کا ڈنڈے سے سہارا لے کر چلتی تھی۔۔۔عینک ناک پہ لگائے۔۔۔۔بند جوتے۔۔۔اور بھاری اون کے کپڑے پہنتی تھی۔۔۔ جس میں ٹھنڈ نہ لگے۔۔۔اور اوپر سے ایک گرم موٹی جرسی۔۔۔۔

ایبٹ آباد سے ملتان آتے وقت مؤسم خراب کی وجہ سے ردا اور مہر کو رکنا پڑا۔۔۔وہ پہلے یہاں اچکی تھیں کافی دفعہ۔۔۔اس لیے انہیں کسی بات کا خوف نئی جگہ سوچ کر نہیں ہوتا تھا۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

یہ قہوہ پی لو بیٹا، تمہیں ٹھنڈ نہیں لگے گی راستے میں۔۔۔عالیہ آنٹی نے ردا کو کھڑی میں کھڑا دیکھ کر کمرے میں آتے کہا۔۔۔۔

ہائے،،،، سچی بتاؤں تو میرا آپ کو چھوڑ کر جانے کو دل نہیں کر رہا میری شہزادی عالیہ آنٹی۔۔۔ہادیہ نے بستر سے اٹھ کر ان سے قہوہ لے کر سائیڈ پہ رکھتے ہوئے۔۔۔انکو بیڈ پہ جگہ دیتے ہوئے کہا۔۔۔۔

ردا بھی اب آکر بیٹھ گئی تھی۔۔۔وہ تینوں ہاتھ میں قہوہ کے کپ لیے باتیں کر رہی تھیں۔۔۔۔۔

مکھن، لسی، پراٹھا، چائے دہی تندور میں لگی روٹی جس پہ مکھن لگا ہوا، ساگ پہ مکھن، اور آملیٹ کچھ نئے انداز میں۔۔۔پیاز اور سبز مرچ میں بنا ہوا۔۔۔زیشان کے سامنے پڑا تھا۔۔۔۔

واہ یار۔۔۔۔یہ تم لوگوں کا ناشتا ایسا ہوتا ہے کیا۔۔۔۔

ہاہاہا۔۔۔یہ آملیٹ کو کیا بنا دیا ہے۔۔۔۔وہ ایک دم زور سے ہنسا۔۔۔

اسفند کے ساتھ راحیل بھی اس کے ساتھ ناشتے کے لیے بیٹھے تھے۔۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اسفند: یار ہنسنا منع ہے۔۔۔ہمیں ایک دم پرفیکٹ نہیں بنانا اتا۔۔۔۔۔

مزاحیہ انداز میں مسکراتے ہوئے کہا۔۔۔۔۔

لو جی۔۔۔ابھی ناشتا کرنا شروع کیا ہے اور لائٹ گئی۔۔۔۔

زیشان اوپر بند ہوتے اور آہستہ آہستہ پنکھے کو بند ہوتا دیکھنے لگا۔۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

بس لوگوں سے بھری ہوئی تھی۔۔۔ہر ایک اپنی جگہ پہ بیٹھا گاڑی کے چلنے کی راہ تک رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔

کچھ منٹ بعد گاڑی بس سٹینڈ سے چلنا شروع ہوئی اور آہستہ آہستہ روڈ پہ نکل ائی۔۔۔گاڑی اپنی منزل کی طرف رواں دواں تھی۔۔۔۔۔۔

ردا اور ہادیہ دونوں باتیں کرتی ہوئی گاڑی سے باہر سبزہ اور برف کو دیکھتے خوش ہوتے دیکھ کر اچھل رہی تھیں۔۔۔۔۔۔

ردا، واؤ کیا منظر ہے کیا میں یہ منظر واقعی دیکھ رہی ہوں؟ آنکھوں پہ یقین نہیں آرہا یار۔۔۔

وہ ہادیہ کا بازو پکڑے اس کو زبردستی آپ ی بات سنوا رہی تھی۔۔۔۔

ہادیہ ٹیک لگائے باہر کی طرف دیکھ جو منظر سے لطف اندوز ہو رہی تھی۔۔۔۔

!!!" یہ دیکھ بہن۔۔۔ہاتھ جوڑ رہی۔۔۔تم سچ میں یہ سب دیکھ رہی ہو خواب نہیں ہے۔۔۔ہادیہ نے ردا کو کہا۔۔۔!!!"

ہاہاہا۔۔۔ہنستے ہوئے ردا بولی۔۔۔

کملی میں تمھیں پتا ہے بہت بار یہ دیکھ چکی ہوں پہلی بار نہیں ہے لیکن "!!!ہر بار دیکھنے سے مجھے ایک نئی چیز محسوس ہوتی ہے اور ساتھ خوشی بھی۔۔۔کہ زندگی مجھ پہ مہربان ہے۔۔۔جو مجھے حقیقت میں میرے عجیب خوابوں کی تعبیر دیکھا دہی ہے۔۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

ردا ہنستے ہوئے بولی۔۔۔۔۔۔۔۔

راستے برف سے ڈھکے ہوئے تھے۔۔۔سائیڈوں پہ برف کے ٹیلے نما دیکھائی دے رہے تھے۔۔۔۔

ارے بچوں کتنے گندے ہو گئے ہو کھیل کھیل کر مٹی میں۔۔۔۔

زیشان کھیتوں کی طرف اکیلے ٹہلتے ٹہلتے جا رہا تھا۔۔۔اسفند کو رستے میں کسی کام سے جانا پڑ گیا تو وہ اکیلا چل پڑا،

"ماموں آپ بھی کھیلو ناں ہمارے ساتھ، !!

بچوں نے زیشان کو کہا۔۔۔۔۔

بچوں کپڑے گندے ہو جائیں گے تو تمہاری ماما تو دھو دے گی میں کس کے پیچھے لگا رہوں گا۔۔۔۔

ہنستے ہوئے زیشان نے کہا۔۔۔وہ بچوں کے پاس نیست زمین پہ پیروں کہ بل بیٹھا تھا۔۔۔۔

ماموں ماموں پلیز یہ پتنگ اڑاؤ ناں ہمارے ساتھ،

پیچھے سے پتنگ اٹھا کر ڈورتے حزیفہ نے زیشان کی طرف آتے کہا،

سارے بچے اس کی پتنگ کو دیکھ کر بھاگ رہے تھے اس کی طرف،

زیشان پیچھے کھڑا دیکھ کر ہنستا ہوا آپ شرٹ کے بازو اوپر کر رہا تھا،!!"

بس بس انکل یہی روک دیں۔۔۔۔!!!"

Posted on Kitab Nagri

ردا نے ٹیکسی والے کو کہا جو گھر سے تھوڑا چند قدم پہلے رکوالی تھی۔۔۔

گھر کہاں ہے اب؟

ہادیہ نے سوالیہ انداز میں ادھر ادھر دیکھتے ہوئے کہا وہ بیگ سے موبائل نکال رہی تھی،

کمال یار۔۔۔ !!"

یہ بندہ اتنا ہینڈسم کون ہے؟

ہادیہ نے ردا سے ایک بیگ پکڑتے ہوئے کہا،

کہاں۔۔۔؟

ردا ادھر ادھر دیکھتے ہوئے چلنے لگی،

رات کے سات بج رہے تھے اور آسمان نے کالی چادر اوڑھ لی تھی۔۔ ستارے چمک رہے تھے۔۔۔۔۔ بچے باہر کھیل رہے تھے زیشان وہی باہر بیٹھا بچوں کو دیکھ رہا تھا۔۔۔

ردا ڈوپٹہ کندھے پہ ڈالتے ہوئے زیشان کو کھڑا دیکھ کر بولی،

ہائے۔۔۔"!!! لڑکے تو کیا جانے۔۔۔؟

یہ سڑیل لڑکی تیری داڑھی پہ دل ہار بیٹھی ہے۔۔۔!!!"

پاگل ہوگئی ہو ہادیہ آہستہ بول پتا نہیں کون ہے ایرہ گیرہ

Posted on Kitab Nagri

ایسے کسی کو دل نہ نکال کے دے دیا کرو،

ردا نے بیگ ایک ہاتھ سے دوسرے ہاتھ میں پکڑتے کہا،

سامنے گھر کے گیٹ کے باہر ہانیہ دونوں کر آتا دیکھ رہی تھی۔وہ ہانیہ کی کال کے گورنر باہر کھڑی تھی ان کے انتظار میں،

* کتنی عجیب ہے ناں زندگی۔۔۔۔۔

کہ جس کے ساتھ خواب ساری زندگی کے آپ دیکھو۔۔۔ لیکن !!!:...

اس شخص کے ساتھ وہ خواب پورے کوئی اور کرے۔۔۔*

چل اسی چلیے ہن،

کجھ سامان لینا اے،

اسفند نے آکر زیشان کو کہا جو موبائل پر کسی کے ساتھ انگلش میں بات کر رہا تھا جو اسفند جو زرا بھی سمجھ نہیں آرہی تھی،

زیشان نے کانوں سے ہنڈ فری نکال کر اس کی بات سنی اور اس کے ساتھ بائک پہ بیٹھ کر چل دیا،

لوگ گرمی کے مارے اپنے گھروں سے باہر نکل کر لائٹ کا انتظار اور باتیں کر رہے تھے،روڈ کے چاروں طرف ہسنے بچوں کے کھیلنے اور لڑکوں کی آوازیں تھیں،

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted on Kitab Nagri

یار ایک بات بتاو؟

زیشان نے اسفند کو کہا!!!" ..

پوچھ میرے کزن کیا پتا مجھے جواب آتا ہو

اسفند ہنستے ہوئے بولا،

لیکن انگریزی میں نہ پوچھنا،

اسفند نے گورنر ہنستے ہوئے کہا

زیشان اور اسفند زور سے ہنس پڑے،

یہ ملتان میں اتنی کی گرمی پڑتی ہے یا تم لوگ زیادہ گنہگار ہو؟

زیشان نے دونوں ہاتھوں میں سامان سے بھرے شاپر اٹھائے بائک پہ بیٹھتے ہوئے کہا،

اسفند بائیک چلاتے ہوئے آسمان کی طرف منہ کرکے زور سے ہنسا،

اسفند،

"ارے نہیں میرے ویر،

باقی شہروں میں گرمی سپلائی ملتان سے ہوتی ہے!!!"

Posted on Kitab Nagri

دونوں زور سے ہنسے،

گھر میں ہانیہ اور ردا دونوں کمرے میں بیٹھی اوپر ہلکی ہلکی ہوا کو دیکھ رہی تھی جو پنکھے سے آرہی تھی،

"لو پانی پیو،!!"

آیت دونوں کو بیٹھی ہاتھ سے ہوا دے رہی تھی،

خالدہ باہر کھانا بنا رہی تھی اور بچے صحن میں کھیل رہے تھے،

"پانی ٹھنڈا نہیں ہے کیا؟

ہانیہ نے گلاس منہ سے لگا کر پیچھے کرتے ہوئے کہا،

" نہیں پانی ٹھنڈا ختم ہو گیا ہے وہ لائٹ چلی گئی ہے ناں تو اس لیے برف بھی ختم، ابھی لائٹ آتی ہو گی بس راستے میں ہو گی،

آیت نے نہ سمجھے بات کو بدلتے کہا۔۔۔!!!"

یہ لائٹ ہے یا گرمی کا مارا انسان،؟ وہ راستے میں ہو گا۔

ہانیہ نے منہ بناتے ہوئے کہا،

آیت اٹھ کر باہر بچوں کو اندر لانے گئی تھی

چھی چھی۔۔۔۔ یہ بچے مٹی سے کتنے گندے ہوئے ہیں، ان کو مینرز نہیں ہیں کیا؟

Posted on Kitab Nagri

ہانیہ نے آیت کو بچوں کو کان سے پکڑ کر اندر آتے دیکھ ہوئے کہا۔۔۔

اروا۔۔۔

کہیں منہ بند کر لیا کرو اپنا

وہ کمرے سے باہر بالکونی میں کھڑے ایک دوسرے کو کہ رہی تھیں،

ہانیہ دوپٹے سے پسینہ صاف کر رہی تھی۔۔۔

خالدہ شربت کا گلاس لے کر آئی تھی جس میں ڈھیر برف تھی جسے دیکھ کر دونوں کے چہرے پہ مسکراہٹ پھیلی تھی۔۔۔۔۔۔

شکریہ آنٹی خالدہ۔۔۔

بہت گرمی لگی تھی برف دیکھ کر لگتا ہے میں زمین پہ ہی ہوں

ہانیہ نے گلاس پکڑتے ہوئے کہا۔۔۔۔

کوئی بات نہیں بیٹا برف اول میں ختم ہو گئی تھی بس اس لیے پانی لانے میں زرا دیری ہوئی،،،

خالدہ نے کہا۔۔۔

لو بیٹا اور لے لو۔۔۔۔۔۔

ہانی تمہارا موبائل بج رہا ہے اس کے اٹھاؤ،

Posted on Kitab Nagri

اروا نے صوفے پہ بیٹھے ہوئے ہانیہ کو کہا،

جو بچوں کو کچھ مینرز دیکھا رہی تھی۔۔۔۔۔۔

آنٹی آنٹی ہمیں بھی اپنا موبائل دیکھاؤ۔۔۔۔

بچوں نے ہانیہ کو اٹھ کر موبائل اٹھاتے دیکھ کر کہا

سب اجنبی اور انجان چیز کی طرح موبائل کو دیکھ رہے تھے۔۔۔

"!!!ہائے ہانی دیکھا دو آنکو موبائل

دیکھ کیسے ترسی آنکھوں سے دیکھ رہے ان کے لیے یہ نئی چیز ہے یہ

سمجھ لو عجوبہ تمہاری طرح۔۔۔!!!!"

اروا زور سے ہنسی تھی۔۔۔

ہانیہ آنکھیں سکڑتے ہوئے اسے دیکھ رہی تھی۔۔۔

!!"رک زرا میں کال انہوں زرا اماں کی بتاتی ہوں۔۔۔۔ !!

ہانیہ نے کال ملاتے ہوئے کان سے لگاتے ہوئے موبائل کہا۔۔۔

"!!

Posted on Kitab Nagri

بچے اس کی طرف دیکھ رہے تھے اور آپس میں بات کر رہے تھے کہ واہ یہ کیا چیز ہے!!!"

ارے سینیے صاحب۔۔۔۔

محبت کی ڈوری وفاؤں کے دھاگے رشتوں کے بندھن محبت میں دغا اور دھتکارنا معمول بن جائے تو محبت ریت کی مانند ہاتھ سے نکل جاتی ہے*

اسفند نے زیشان کے کندھے پہ ہاتھ رکھتے ہوئے سیڑھیاں چڑھتے کہا۔۔۔۔

!!" تمہاری درد بھری داستان !!"

ہائے !!!"

زیشان نے ہنستے ہوئے کہا،

اسفند: بس یار جب دھتکارنا معمول بن جائے تو بس۔۔۔۔

خیر تم سناؤ کوئی پسند نہیں آئی؟

اسفند نے چارپائی پر بیٹھتے ہوئے کہا

زیشان: لڑکوں کو کب محبت نہیں ہوتی یہ پوچھ یار،

دن میں جتنی لڑکیا نظر آئیں سب پہ دل

اس نے ہنستے ہوئے کہا۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

اسفند:اس لیے تو ہم لڑکے بدنام ہیں زمانے بھر میں۔۔۔۔۔ !!"

!!"لیکن وہ محبت نہیں ہوتی جو لڑکوں کو بار بار ہو جاتی ہے وہ صرف ہر لڑکی کو جانچنے تک کی جستجو ہوتی ہے اور اسکے بعد اگلی نظر میں گزرتی دوسری لڑکی پہ دل!!!!"

فلمی ڈائیلاگ۔۔۔ !!"

زیشان باہر کی طرف دیکھتے ہوئے بولا۔۔۔۔

باہر اروااور آیت بیٹھی گلاب کے پھولوں کے ہار بنارہی تھی اور رہانیہ موبائل پہ بات کر رہی تھی۔۔۔

لیکن میں نے ایک بات سنی ہے لوگوں سے اسفند،

کہ۔۔۔

میں نے اکثر سنا ہے کہ میں تمھارے بغیر مر جاؤں گی یا مر جاؤنگا میں بھی یہی سوچتی تھی کہ انسان اگر کسی انسان سے دور ہو جائے تو وہ بھی ایسے انسان سے جس سے اسکی بہت سی امیدیں وابستہ ہوں اور خیالوں کی دنیا تک بسائے ہوئے ہوتے ہیں اور وہ ہمیں روتے تڑپتے چھوڑ کر چلے جاتے ہیں کچھ لوگ تو اپنی جان پر بھی کھیلتے ہیں لیکن میں زرا بھی متفق نہیں ہوں جب ہمارے کوئی عزیز میں سے کوئی ہمارے درمیان نہیں رہتا ہے تو ایسا لگتا ہم بھی مر جائینگے دل کرتا اسی قبر میں ساتھ اتر جائیں لیکن نہیں ہم روتے تڑپتے ہیں آخر دن گزرنے کے ساتھ ساتھ ہم اپنی معمولی روٹین پر آجاتے ہیں انکی کمی محسوس ہوتی لیکن ہم رونے سے زیادہ دعا کو ترجیح دیتے ہیں

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted on Kitab Nagri

ایسے ہی تو پھر ہم اس شخص کے لیے کیسے مر سکتے کیسے اپنی زندگی کو روک سکتے اپنے حصے کی زندگی اور اس کی رونقیں نہ چاہ کر بھی نظر انداز نہیں کر سکتے ہمیں دینا پڑتا ہے اکیلا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ !!!!"

اوئے۔۔۔۔ !!!"

یہ سامنے کون ہیں؟

زیشان نے باہر بیٹھی آیت اور ہانیہ کو دیکھ کر کہا۔۔۔۔۔۔۔ !!!"

یہ بھی تمہاری طرح کی ارام دہ زندگی گزارنے والی رشتے دار ہیں شادی پہ شرکت کے لیے آئی ہیں،،،،

اسفند نہ منہ میں ببل گم ڈالتے ہوئے کہا۔۔۔۔۔۔

زیشان باہر کی طرف پلک چھلکائے دیکھ رہا تھا۔۔۔۔۔۔ !!"

گویا وہ کچھ سوچ رہا ہو۔۔۔!!!"

اسفند اس کے پاس آتا کندھے پہ ہاتھ رکھتے ہوئے بولا۔۔۔۔

اوررررر بھائی؟

کہو تو بات آگے چلاؤں؟

اس نے مزاق میں طنزین اسے کہا۔۔۔!!"

"ارے نہیں نہیں،،،،

Posted on Kitab Nagri

میں تو ویسے پوچھ رہا تھا۔۔!!"

زیشان مسلسل اس طرف دیکھے جا رہا تھا۔۔۔

ہانیہ فون بند کر کے پیچھے کو مڑی تو اسکی نظر کھڑکی میں کھڑے زیشان پہ پڑی جو اس کو دیکھ رہا تھا۔۔۔۔

ہانیہ چونکی تھی لیکن وہ اب بھی گم سم اس کی طرف دیکھ رہا تھا۔۔۔۔۔بغیر پلک چھپکائے،

اسفند فون پہ کل کے فنکشن سے متعلق کچھ کھانے کی انتظام کی بات کرتا ہوا نیچے چلا گیا تھا۔۔۔۔

زیشان نے اب باہر کی طرف ہی دیکھتے ہوئے سگریٹ جیب سے نکالی اور اس کو سلگانے لگا،

وہ گم سم کسی سوچ میں تھا کہ اس کا موبائل بجنے لگا۔۔۔

اس نے موبائل نکال کر کال اٹھائی اور سننے لگا وہ انگریزی میں بات کر رہا تھا کسی سے۔۔۔ !!!"

ہانیہ کھڑکی کے پاس چلتے ہوئے آئی اور چھپ کر کان لگائے باتیں سننے لگی۔۔

زیشان کیا بات کر رہا ہے۔۔۔وہ کان لگائے سن رہی تھی۔۔۔

اروا گرمی کے مارے منہ دھونے گئی تھی۔

اللہ اللہ توبا۔۔۔ !!!"

یہ تو مجھ سے بھی زیادہ جلدی جلدی انگلش بولتا ہے اس کی انگلش اتنی تیز۔۔۔ !!"

Posted on Kitab Nagri

اچھا بچو کوئی نی۔۔۔ہہہہ

وہ ناک رگڑتے اور منہ چڑھاتے واپس مڑ گئی۔۔۔

زیشان نے پیچھے کی طرف سیدھا ہوا تو

زیشان نے اب اس کو دیکھا جاتا دیکھا۔۔۔

Okay okay

I don't ask

Wait a minute please

اس نے کہ کر کال بند کر دی

وہ موبائل کان سے ہٹا کر بند کرتے ہوئے دروازے تک آیا۔۔۔ "!!

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

وہ اروا اور ہانیہ کو ہنستے باتیں کرتا دیکھنے لگا۔۔۔

وہ چلتی رہی نیچے جا رہی تھی۔۔۔۔

ہانیہ گھٹنوں تک شرٹ بازو تنگ اور ہلکے سنہری سبز کلر کا دوپٹہ بال پیچھے کو کیے ہوئے کچھ بال آگے

کو ارے تھے ہاتھ میں چند چوڑیاں اور ہلکا براؤن سکن کلر۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

اور کانوں میں ڈھولکی کی طرح کے جھمکے پہنے ہوئے تھی۔۔۔

اروانے زیشان کو پیچھے کھڑاان کو جاتا دیکھ لیا تھا۔۔۔

یہ ہماری جاسوسی کر رہے ہے کیا؟

اروا

نے ہانیہ کو نیچے اتر کر صحن میں جاتے ہوئے کہا۔۔۔۔

ہانیہ ہسنے لگی۔۔۔ !!"

اب تم کیوں ہنس رہی ہو؟

اروانے ہانیہ کوڈراؤنی آنکھوں سے دیکھ کر کہا۔۔۔

ارے اروی سن۔۔۔ !!"

پاگل جھلی یہ انگریزوں کے خاندان کا ہے جنھوں نے آج تک پاکستانیوں کو کچھ سمجھنے اور کرنے نہیں دیا

ہاہاہا

وہ ہسنے لگی~

اروا:مجھے ذرا بھی ہنسی نہیں ائی۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

ہائے لڑکیوں۔۔۔؟

ہم بھی کچھ کام کروائیں کیا؟

ہانیہ نے کچھ محلے کی لڑکیوں آیت اور اپنی ماسی کو بیٹھ کر ہاتھ سے مہندی پانی میں گھولتے اور کپڑے پیک کرتے استری کر کے دلہن کے

کہا۔۔۔

آیت۔۔۔

ہاں کیوں نہیں آجاؤ

مجھے لگا تم لوگ تھکی ہوئی ہو گی اور ایک یہاں گرمی تمہارے لیے نئی بات ہے

اس لیے نہیں کہا۔۔۔

اروا: ارے کوئی بات نہیں یہ تو ہمارا فرض ہے اتنا تو کر ہی سکتے ہیں۔۔۔

ہانیہ: ہاں بالکل کر سکتے ہیں ویسے ہم نے خود ایسا کبھی نہیں کیا یہ کام ہمارا پہلا ایکسپیریئنس ہو گا

اس نے آنکھوں سے جیسے اروا کو کام کے لیے منع کرتے اور اکتاتے ہوئے کہا ہو۔۔۔

اچھا تو یہ لو اس کو استری تو کر دیا ہے اب تم اس کو پیک کرو۔۔۔ دیکھو اس طرح کرنا ہے۔۔۔

طہورا نے سوٹ سامنے نیچے زمین پہ رکھ کے دونوں کو سمجھانے کے طریقے سے پیک کرنے لگی۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

"ہائے اتنا مشکل کام ہے !!

ہانیہ نے ابھی آدھا پیک کرتے ہی دیکھ کر بول دیا تھا۔۔۔

نہیں پاگل ایک دو کرو گی تو آسان لگیں گے تمہیں۔۔۔

اروا نے اس کا منہ بند کراتے ہوئے کہا تھا۔۔

زیشان دروازے میں کھڑا ان کو دیکھ رہا تھا۔

آپ یہاں؟

آیت نے دیکھ کر کہا جیسے اس نے سوالیہ انداز میں کہا ہو۔۔

آیئے آیئے اپ۔۔

بیٹھیے یہاں،،،

آیت نے کھڑے ہو کر کہا۔۔

ماسی کہیں گی تو بیٹھوں گا کیوں کہ میرے لیے نہیں لیکن آپ کے لیے یہ بری بات ہو سکتی ہے۔۔۔

اس نے ہنستے ہوئے کہا۔۔

نہیں نہیں بیٹا تم تو اپنے بیٹوں جیسے ہو آ جاؤ بیٹھو۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

خالدہ نے کہا تھا۔۔۔

زیشان لڑکیوں کے پاس سے گزر کر صوفے پہ بیٹھ گیا

خالدہ اس کے ساتھ اوپر صوفے پہ جا بیٹھی تھی۔۔۔کام چھوڑ کر

"واہ کیا دل سے کام کر رہی ہیں چ یہاں۔۔۔

زیشان نے کام کرتے دیکھ کر کہا۔۔!!!"

دل سے؟

ارے نہیں دل سے نہیں بس۔۔۔

اروا نے پیک کرتے سوٹ بے دھیانی میں کہا تھا۔۔۔

ہانیہ نے اس کے گھٹنے پہ ہاتھ رکھا تو وہ چپ ہو گئی اور ادھر ادھر دیکھنے لگی۔۔۔

نہیں مطب اب کزنز ہیں تو اتنا تو فرض بنتا ہی ہے کہ دل سے کریں

سوری مجھے پتا نہیں چلا بے دھیانی میں کہا۔۔۔

اروا نے زیشان کی طرف دیکھ کر کہا

زیشان صوفے پہ ٹیک لگا کر منہ پہ ہاتھ رکھ کے مسکرانے لگا۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

اروا اسے مسکراتا دیکھ کر چڑ گئی تھی۔۔۔

ویسے کسی نے سہی ہی کہا ہے کہ

** بہترین مرد وہ ہے جو

یہ نوبت ہی نہ آنے دے

کہ ایک

عورت اسے گفتگو کی حدود بتانے پر مجبور ہو جائے **

ارے ہاھ۔۔۔!!!"

میں نے کتنی حد پار کر دی ہے؟

زیشان نے حیران ہوتا سن کر کہا۔۔۔

اروا:

یہ جو آپ کھی کھی کر رہے تھے ناں اپنے ہاتھی جیسے بتیس دانتوں نکال کر۔۔۔

یہ اس بات کا ثبوت ہے۔۔۔

ہہہہ

Posted on Kitab Nagri

اس نے منہ بناتے ہوئے کہا تھا۔۔

زیشان:لو جی ^

وہ اپنے ماتھے پہ ہاتھ مار کر بولا تھا۔۔

اچھا بس بس۔۔۔

لڑو تو مت یار۔۔

اوہ سوری زیشان۔۔۔

ہانیہ نے کہا۔۔۔۔

اہت:ابھی ایک دوسرے کو جانتے بھی ہو یا صرف پہلی ملاقات میں لڑائیاں ہی شروع ہیں۔۔۔

زیشان اور ہانیہ ایک دن اچانک ہسنے لگے۔۔

ان کی آواز کمرے میں گونجنے لگی۔۔۔

"میں تو بلکل نہیں جانتی ہاں اس کی کوئی ہم سے رشتے داری نکل آئی ہے تو ہم نہیں جانتے۔۔۔!!

ہانیہ نے کہا۔۔۔

ہمممم رائٹ

اروا۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted on Kitab Nagri

اروانے جواب میں کہا۔۔۔

"اوہ ہیلو۔۔میسنی لڑکیوں

میں بھی نہیں جانتا تمہیں افریقن لڑکیوں۔۔۔!!

زیشان نے مسکراہٹ دباتے ہوئے کہا جیسے وہ بات بڑھانا چاہ رہا ہے۔۔۔

تاکہ بات کر سکے۔۔۔

مجھ سے الجھنے کی کوشش مت کرو ورنہ الجھ کر رہ جاؤ گے۔۔!!"

اروا اٹھ کر باہر جاتے ہوئے زیشان کے سامنے کھڑے ہو کر بولی تھی

وہ بغیر کسی ڈر کے صوفے پہ بیٹھا مسکرا رہا تھا۔۔۔

ہانیہ اور آیت پہلے آٹھ کر باہر چلی گئی تھی۔۔

شام کا کھانا بننے لگا تھا۔۔۔

چاروں طرف ہلکی سورج کی روشنی پھیلی ہوئی تھی جو ملٹئی رنگ سا شیڈ لگ رہا تھا۔۔۔

پرندے اپنے گھروں کو لوٹ رہے تھے۔۔۔اور ان کی چہچہاہٹ چاروں طرف ایک خوبصورت آوازوں کی دھند تھی۔۔۔

جو غور سے سننے والوں کو راحت دیتی ہو۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

بچے اب کھیل کود کر اب آرام سے چارپائیوں پہ چھڑھ کر بیٹھے کھیل رہے تھے۔۔۔

لیکن اب مٹی میں کھیلنا بند ہو چکا تھا۔۔۔ اور صاف کپڑے پہن کر بیٹھے تھے۔۔۔۔

زیشان :

اب لگ رہے ہو انسانوں کے بچے تم لوگ۔۔۔!!!"

زیشان بچوں کو کھیلنے کے بعد صاف کپڑوں میں بیٹھا دیکھ کر ہنس کر بولا۔۔۔۔

بچے شرمانے لگے تھے۔۔۔۔

اور شرم کے مارے سر نیچے کر لیے تھے بچوں نے ایک دوسرے کی طرف دیکھتے ہوئے۔۔۔۔

یہ اس کو کیا کہوں میں۔۔۔۔

یہ لڑکی افففففف۔۔۔!!"

افت نے ہانیہ کا مہندی کے فنکشن والا سوٹ بیڈ کی سائیڈ ٹیبل پہ پڑا ہوا دیکھ کر کہا۔۔۔۔

ابھی اس کو کال کرتی ہوں

"!!!

کیا پہنے گی یہ لڑکی

Posted on Kitab Nagri

میرے خدایا۔۔۔

بہت لاپرواہ ہے یہ بہت اللہ۔۔۔۔!!!"

اس نے ابھی تک بیگ کھول کر نہیں دیکھا ہو گا ورنہ اب تک طوفان آچکا ہوتا۔۔۔۔

یہاں بھی ان بچاروں کے گھر بھی۔۔۔۔!!"

وہ موبائل ادھر ادھر دیکھ رہی تھی۔۔

تا کہ ہانیہ کو کال کر سکے۔۔۔

سمینہ کی آنکھیں افت کو اندر آتا دیکھ کر مزید بھر آئیں تھیں۔۔۔۔

اور اب آنسو گالوں پہ گرنے لگے تھے۔۔۔۔

وہ سمجھ گئی تھی کہ افت سب کچھ سن چکی ہے۔۔۔۔

وہ شرمندگی کے مارے وہی نیچے زمین پہ بیٹھ کے اپنے منہ کو ہاتھوں سے چھپا کر رونے لگی۔۔۔۔

"!!

صبر کرو سمینہ تم تو بہت بہادر ہو۔۔۔

تم بھی ایسا کرو گی کیا اب؟

Posted on Kitab Nagri

تم تو میری بہادر بیٹی ہو۔۔۔۔

وہ سمینہ کو گلے سے لگائے اسے دلاسا دے رہی تھی یا شاید اس کو اس کی زات کی طاقت سے آگاہ کر رہی تھی شاید جو وہ خود بھی نہیں جانتی تھی اپنے بارے میں۔۔۔

"!!

لیکن آخر کب تک میں اس کی لاپرواہی کو برداشت اور نظر انداز کروں؟

مجھے مجھے شرمندہ ہونا پڑتا ہے اپنے گھر والوں کے آگے رشتے داروں اور دوستوں کے سامنے۔۔۔

وہ اب پھوٹ پھوٹ کر رونے لگی تھی۔۔۔۔

اس نے ہاتھ اپنے منہ سے نہیں ہٹائے تھے۔۔۔

وہ ایسے ہی روئے جا رہی تھی۔۔

اس کو جلد ہی اپنی غلطی کا احساس ہو گا اور وہ جواب کر کے گیا ہے وہ واپس آکر ضرور معافی مانگے گا۔۔۔۔۔۔۔

"اگر تمہاری اس کی زات میں زرا بھی اہمیت ہو گی تو۔۔۔

اس کا یہ رویہ اس کو شرمندہ کرے گا۔۔۔!!"

تم رونا بند کرو۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

افت سمینہ کو کہ رہی تھی۔۔۔

یہ ہر بار ایسا ہی کرتا ہے باجی۔۔۔۔

میں کیا کروں آخر کب تک اپنی خوشیوں اور خوابوں کو اس کی بے پرواہی کی وجہ سے روز رلاتی رہوں۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اب وہ آنسو صاف کر رہی تھی۔۔۔

وہ سیدھی ہو کر بیٹھ گئی تھی۔۔۔۔

باجی ایک بات کہوں؟

سمینہ نے سوالیہ انداز میں جیسے پوچھا ہو افت سے۔۔۔۔۔۔۔۔

افت ہوں بولو کیوں نہیں۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

باجی :

کبھی کبھی ٹھوکریں اچھی ہوتی ہیں ایک تو راستے کی رکاوٹوں کا پتا لگ جاتا ہے اور سب سے بڑھ کر سنبھالنے والے ہاتھوں کا پتا چل جاتا ہے

اور اس شخص نے مجھے ہمیشہ اس سے وابستہ امیدوں سے مایوس کیا ہے ہر بار مجھے دھتکارا ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

افت: ایسا نہیں بولتے وہ تم پہ جان بھی نچھاور کرتا ہے بس غصے میں کبھی کچھ بھی بدل دیتا ہے۔۔۔ تم اس کا غصہ تو دیکھ رہی ہو۔۔۔۔۔ لیکن اس کے ساتھ اس کے پیار کو بھی تو دیکھو۔۔۔۔

کہ تمہاری ضروریات کے لیے تمہاری حفاظت کے لیے وہ سارا دن دوڑتا ہے۔۔۔۔

لیکن تمہیں گھر میں چار دیواری میں رکھتا ہے۔۔۔۔ عزت اور حفاظت سے۔۔۔۔۔

سمنیہ اب کچھ ٹھنڈی پڑ رہی تھی۔۔۔۔

افت: اور اگر تم ایک منٹ سوچو کہ کوئی تم پہ انگلی اٹھائے تو سارے مرد نہیں لیکن کڑوروں میں جو ایک دو ہوتے ہیں۔۔۔۔۔ ان میں سے ایک مرد وسیم ہے جو تمہیں تنہا نہیں چھوڑے گا۔۔۔۔

ورنہ وہ مرد بھی ہوتے ہیں جو ضروریات پوری کرتے ہیں لیکن ساتھ کھڑے نہیں ہوتے کہیں بھی۔۔۔۔۔

اور عورت تنہا کھڑی ہوتی ہے ایسی جگی جہاں اسے پیسہ اور کھانا نہیں ساتھ اور سایہ چاہیے ہوتا ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔،!!!"

افت کی بات جو سمینہ سوچ رہی تھی۔۔۔۔

مجھے بہت نیند آرہی ہے بس اب مجھے کوئی بھی نہ جگائے نہ مجھ سے الجھے۔۔۔۔۔۔

ہانیہ چارپائی پہ لیٹتے ہوئے بولی۔۔۔

اروا: ہاں اور مجھے تو بلکل بلائے بھی مت۔۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

دونوں ٹوٹتے جسم سے چارپائی پر لیٹی ہی تھی کہ ہانیہ نے زور سے چیخ ماری۔۔۔۔

کیا ہو گیا ہے ہانی۔۔۔؟

اروا نے آنکھوں پہ جو ابھی بازو رکھتے تھے ہٹا کر بولی۔۔۔۔۔

آیت جو ابھی ہاتھ میں گلاس لسی کا پکڑ کر بیٹھی زیشان اور اسفند سے باتیں کر رہی تھی پیچھے کو مڑی۔۔۔۔۔

کیا ہوا؟

آیت نے کہا۔۔۔

مجھے یہ چارپائی چب رہی ہے۔۔۔

ہانیہ اٹھ کر کمر پہ ہاتھ پھرتے ہوئے بولی۔۔۔

افففف

اروا نے کہا۔۔۔

کیا افففف؟

مجھے چب رہی ہے لیٹا ہی نہیں جا رہا نیند کیا آئے گی۔۔۔۔

آیت نے اپنا سر ہاتھوں میں پکڑ لیا تھا۔۔۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted on Kitab Nagri

اب ایک اور مسئلہ۔۔۔

وہ بہت تھک چکی تھی اوراب۔۔۔۔

"!! Same

کچھ ٹائم پہلے والی رشتے دارنی۔۔۔۔

میرا بھی یہی حال ہے۔۔۔۔اس حالت میں اب برابر کے شریک ہیں۔۔۔۔

زیشان نے کہا۔۔۔۔

ہانیہ منہ بنانے لگی۔۔۔۔

اسفند اور آیت ایک دوسرے کی طرف دیکھنے لگے کے اب کیا کریں۔۔۔۔

"!!مجھے بھی چپ رہی ہے بس میں منہ کھول کر کہ نہیں رہی۔۔۔

اروانے جھٹ سے جواب دیا۔۔۔۔

ہاہاہااچھا۔۔۔۔

زیشان نے ہنستے ہوئے کہا۔۔۔۔۔۔۔۔

اچھا ابھی اتنے جلدی کیاسونا آؤ ایک گیم کھیلتے ہیں۔۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

زیشان نے کہا۔۔۔

ہانیہ: اے ویکھ انگریز۔۔۔۔

ہتھاں میریاں نوں۔۔۔۔

تھک گئے ہیں ہم۔۔۔۔

زیشان اور اسفند ہسنے لگے۔۔۔۔۔

اچھا میں چائے بنا کر اتا ہوں پھر کھیلتے ہیں۔۔۔اسفند نے کہا۔۔۔۔

ہانیہ: ہاں اگر چائے مل جاتی ہے تو سوچا جا سکتا ہے۔۔۔۔

ائیڈیا برا نہیں ہے۔۔۔۔

وہ بالوں کو باندھتے ہوئے بولی۔۔۔۔

ہانی سچی؟ اروا نے اس کی طرف بھیگی آنکھوں سے دیکھا۔۔۔۔

ہانیہ: ہاں یار اب چائے کو بھی تو نہیں چھوڑ سکتی۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اروا: توبا اللہ معافی۔۔۔۔۔۔

اچھا میں بھی کپ ہوں گی۔۔۔۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

اروا نے اسفند اور زیشان کو چائے کے لیے جاتا دیکھ کر پیچھے سے اونچی آواز میں کہا۔۔۔۔

اسفند نے ہاتھ ہلایا اس کی آواز سن کر۔۔۔

وہ سیڑھیاں اتر رہے تھے۔۔۔

لائٹیں بند تھیں۔۔۔سب نیچے بچے اور باقی سب سو چکے تھے۔۔۔

نیچے بلکل اندھیرا ہے یارا۔۔۔۔۔۔۔

زیشان نے دھیمی آواز میں کہا۔۔۔

آہستہ بول۔۔۔

کیوں مرواتا ہے۔۔۔

اسفند دھیمے قدم رکھتا زیشان سے آگے چل رہا تھا۔۔۔

پنکھوں کے چلنے کا شور چاروں طرف سے سنائی دے رہا تھا۔۔۔۔چاند کی روشنی سے ہلکی ہلکی روشنی سارے صحن میں پھیلی ہوئی تھی۔۔۔

آرام سے قدم رکھو۔۔۔

اسفند نے زیشان کو کہا۔۔۔

ششششششش۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

چپ کر۔۔۔زیشان نے اسفند کو کہا۔۔۔۔۔۔

یہ تم اس اندھیرے میں کیا تصویر لے رہی ہو بھوتنی لگ رہی ہو۔۔۔۔

ہانیہ نے اروا کو کہا۔۔۔۔

آیت۔۔۔ سمجھا کرو ہانیہ کسی نے فرمائش تو نہیں کی؟

اس نے مسکراتی آنکھوں سے ہانیہ کی طرف دیکھ کر سوالیہ انداز میں کہا۔۔۔۔

اروا: ہممممم

ہانیہ: اچھا اچھا۔۔۔۔

تو یہ کہیں عمار بھائی کی تو آدھی رات کو خواہش نہیں جاگی بھوتنی کی شکل میں تمہیں دیکھنے کا۔۔۔۔

ہانیہ نے کہا۔۔۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اروا: اچھا بس اب تم لوگ بھی۔۔۔۔

اس نے شرماتے ہوئے کہا۔۔ !!!"

"!!

تو یہ لو۔۔

Posted on Kitab Nagri

گرما گرم چائے۔۔۔۔

تپتی پنکھے کی ہوا اور چاندنی رات میں۔۔۔۔!!!"

اسفند نے کہا۔۔۔۔

ہاں بہت سر میں درد ہے دو دو کپ۔۔۔۔

آیت نے کپ پکڑتے ہوئے کہا۔۔۔۔۔

ذیشان: یہ باقی ایک کہاں ہوا میں اڑ گئی ہے؟

زیشان نے کپ منہ سے لگاتے ہوئے اروا کا پوچھا۔۔۔۔

وہ سامنے دیکھو۔۔۔

موبائل پہ لگی ہوئی ہے۔۔۔۔

آیت نے کہا۔۔۔۔۔

"!!

تمہیں ایک بات کہوں عمار؟ آیت موبائل کان سے لگائے دھیمی آواز میں بول رہی تھی۔۔۔۔

عمار: ہاں ہاں بولو کیوں نہیں۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

تمہیں ہی تو سننے کے لیے آدھی رات کو جاگ رہا ہوں۔۔۔۔۔۔

اروا :

تم ہمیشہ کہتے ہو ناں کہ میں ہر وقت عجیب سے حلیے میں رہتی ہوں؟ جب پکچر مانگو۔۔۔۔۔۔ تو سر جھاڑ منہ پھاڑ حلیے میں پکس بنا کر واٹس ایپ کر دیتی ہوں؟

پتا ہے میں ایسا کیوں کرتی ہوں؟ کیونکہ میرا دل تب چاہتا ہے کہ تم میرے پاس ہو۔۔۔۔۔۔ نا کہ تم سے بات، میسجز کرنے کا احساس۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

میرا دل کرتا ہے کہ میرے اُلجھے کرلی بالوں کو تم باندھو۔۔۔!!"

مجھے تمہاری آواز تمہارے میسجز سے چڑ ہوتی ہے!!

پتا ہے۔۔۔۔؟

مجھے لگتا ہے کہ آخر میں میرے پاس بس یہی کالز، میسجز کا احساس رہ جائے گا۔۔۔۔ پتا نہیں لیکن کہتے ہیں محبت ہاتھ سے نا جانے کب نکل جائے پتا ہی نہیں چلتا۔۔۔۔۔۔۔

اور کبھی کبھی یہی احساس میرا سانس تک بند کر دیتا ہے۔۔۔۔۔

عمار:

Posted on Kitab Nagri

** زندگی گزرانے کیلیئے کوئی شخص ضروری نہیں ہوتا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔یہ ہم مانتے ہیں مگر زندگی جینے کیلیئے پرواہ کرنے والے دوستوں کا ہونا بہت ضروری ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

جو فرسٹریشن میں بیزار ہوئے بغیر آپکو جج کئے بغیر آپکے دکھ سن سکتا ہو۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اور میرا دوست میرا ہر رشتہ تم سے پورا ہے۔۔۔۔کیونکہ ان سب کی جگہ تمہاری ہے اور تمہاری ہی رہے گی۔۔۔۔۔۔۔

مجھے تمہارے بالوں تمہارے سانولے رنگ تمہارے ہاتھ کا رنگ۔۔۔۔۔

یہ سب کچھ بھی اثر نہیں کرتا مجھے تمہاری روح سے عشق ہے اور وہ عشق جس میں رنگ بال آنکھیں نہ دیکھی جائیں اور بس روح سے عشق کیا جائے۔۔۔۔

اسی روح سے جس کے بغیر آپکا سکون مکمل نہ ہو۔۔۔۔۔

اور ایک سیکنڈ بھی اگر فرصت ملے تو۔۔۔۔۔۔۔

بلاوجہ صرف آپکو ہنسانے کیلیئے پاگل بنا رہے۔۔۔۔۔!!"

مجھے تمہارے کسی چیز سے کوئی مسئلہ نہیں ہے مجھے تمہاری روح سے عشق ہے۔۔۔۔۔**

"!!

عشق تو سمجھتی ہوناں؟

Posted on Kitab Nagri

عمار نے مزاق میں کہا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اروا ہنس پڑی۔۔۔۔۔

ہممممم اس نے جواب میں کہا۔۔۔۔۔

اچھا مجھ سانولی کی چائے ٹھنڈی ہو رہی ہے میں جاتی ہوں۔۔۔۔۔۔

اروا نے کال بند کرتے ہوئے کہا۔۔۔۔۔۔!!!"

اچھا تو میرے بغیر ہی یہاں پارٹی کنٹینیو ہے؟ ہممممم۔۔۔۔۔۔۔

اروا نے دوپٹہ کندھے پہ ڈالتے ہوئے کہا۔۔۔۔۔۔

اممممممم۔۔۔۔ ہماری تو چائے بھی ختم ہونے کو ہے۔۔۔۔۔

تم جاؤ جاؤ مجنو اور رات کے منچلے شہزادے اپنے کے چاروں طرف اجالا تو کرو۔۔۔۔۔۔۔۔۔

ہانیہ نے مسکراتے ہوئے کہا۔۔۔۔۔۔۔۔ اروا ہنس کر بیٹھ گئی۔۔۔۔

ہممممم ہم سمجھ گئے محترمہ۔۔۔۔

کچھ کچھ ہے۔۔۔

زیشان اور اسفند دونوں ہنس پڑے۔۔۔۔۔ !!"

Posted on Kitab Nagri

اچھابس !"

اب تم لوگ بھی ناں۔۔۔ !"

اروانے کہا

چلو توسب اب اپنے بچپن کی سب سے اچھی یادیں اور دوست بتاؤ۔۔۔۔

اسفند نے بات بڑھاتے ہوئے کہا۔۔۔

میرا تونہ پوچھنامیں تواس سب میں نہیں ہوں۔۔۔۔۔

زیشان نے جھٹ سے کہا تھا۔۔۔۔۔

میری اورہانی کی سب سے اچھی یادیں یہ ہیں کہ ہم نے بچپن میں سارے لڑکوں والے کام کیے ہیں اور خوب مستیاں کی ہیں

سائیکل چلاچلاکر گر گر کے آخر سنبھل گئے ہیں اب ہم سائیکل پہ بیٹھنا سیکھ گئے جو کہ ایک خواب تھا۔۔۔۔۔۔۔

اور تو اور ہم نے مٹی کے برتن بھی خوب بنائے ہیں

لیکن بعد میں اسکو توڑ دیتے تھے دیوار میں مار کر۔۔۔۔۔۔۔

اروا ہسنے لگی

Posted on Kitab Nagri

ہانیہ بھی ہسنے لگی۔۔۔۔۔

آیت:ہاں ہمارا بچپن بھی کچھ ایسا ہی تھا

لیکن زیادہ کھلم کھلا آزادی نہیں تھی گھر سے باہر نکلنے کی۔۔۔۔۔۔لیکن اب تو دل کرتا ہے۔۔۔۔

کہ

** کہیں جانا تو نہیں ھے۔۔۔۔۔۔۔۔

بس یُونہی سڑکوں پہ گُھومیں گے۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کہیں پہ سگنل توڑیں گے کِسی کی راہ روکیں گے۔۔۔۔۔۔

کوئی چِلاّکے گالی دے گا کوئی ھارن بجائے گا۔۔۔۔۔۔ذرا احساس تو ھو گا کہ زندہ ھیں۔۔۔۔۔۔

ہمارا بھی اس زمین پہ کوئی خوشیوں کا ہاتھ تھمانے والا ہے۔۔۔۔۔۔۔

ہماری بھی کوئی ہستی ہے۔۔۔۔۔۔۔**

واہ کیا بات کی ہے۔۔۔۔۔!

"!!

آیت۔۔۔۔دل چھو لیا تمہاری بات نے۔۔۔۔۔

کسی دن نکلتے ہیں پھر اس سب کو حقیقت میں کرنے کے لیے۔۔۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

زیشان نے بازو اوپر باندھتے ہوئے کہا۔۔۔۔

"!!

پی۔۔۔۔!!"

کل چلیں کیا پھر صبح؟

ہانیہ نے کہا۔۔۔۔

اسفند سے پوچھتے۔۔۔ !!"

لو جی۔۔۔۔ !"

یہ محترم تو سو چکے ہیں۔۔۔۔۔۔

زیشان نے اس کی طرف دیکھا تو وہ چارپائی پہ لیٹا آنکھوں پہ بازو رکھ کر سو چکا تھا۔۔۔۔۔۔!!"

ہمارا

میرا بچارہ بھائی۔۔۔۔ !!"

صدقے۔۔۔۔

آیت نے کہا۔۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

سب ایک دوسرے کی طرف دیکھ کر زور سے ہنس پڑے۔۔۔۔۔۔۔۔۔

میں چاہتی ہوں۔۔۔۔۔۔۔۔ کہ وہ مجھ سے اتنی محبت کرے کہ میری فرمائش پر رات کے آخری پہر لوکیشن چیک گھڑی پہنے مجھے کسی آئسکریم پالر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کھوئے والے گولے کی شاپ پر ڈھونڈے۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اور پھر کہے تم پاگل ہو؟۔۔۔۔۔۔۔ اگر کوئی تمہیں دیکھ لے چوری آئسکریم۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اور گولا مکس کر کے کھاتے ہوئے تو؟؟؟

تم یہ مکسچر نما آئسکریم کھاؤ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ میں باہر پہرہ دیتا ہوں۔۔۔۔۔۔۔

اگر کوئی یہاں آتا نظر آیا تو تمہیں اشارہ کر دوں گا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

ندیوں کی طرح سر نیچے کیئے کھاتی ہی نا رہنا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اِدھر اُدھر بھی دیکھتی رہنا اوکے؟

اور میں آئسکریم۔۔۔۔۔۔۔۔ پلس کھوئے والا گولا نما مکسچر کھاتے ہوئے غصہ سے کہوں۔۔۔۔۔۔۔۔۔

میرا سپنوں کا شہزادہ کس لیئے ہے؟؟

ہاں بس اتنی سی محبت کرے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

"!!

Posted on Kitab Nagri

ہائے۔۔۔۔۔ !!

میرے نکے نکے ارمان۔۔۔۔۔۔!!"

ہانیہ سیڑھیوں پہ بیٹھی اروا کے ساتھ بیٹھی چاند کو دیکھ کر بول رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔ "

ہمممممم ا ہمممممم۔۔۔۔۔

اتنا سا خواب بس؟

زیشان نے پیچھے سے آ کر چونکا دیا تھا۔۔۔۔۔

اففففف جان نکال دی۔۔۔۔۔۔

آرام سے بول دیتے کیا رات جگنوؤں کی طرح۔۔۔۔۔۔

وہ کہہ کر چپ ہو گئی۔۔۔۔۔

"!!

اوہ سوری۔۔۔۔ !!

بس کر دو اب تو ہم دوست بن سکتے ہیں آخر رشتے داروں سے ایسا نہیں کیا جاتا۔۔۔۔۔۔

ورنہ بات سارے جہان کو پتا چل جائے گی کہ گورا انگریز ایک سانولی رنگت اور لمبے بالوں والی کو دل دے آیا ہے۔۔۔۔۔۔!!"

Posted on Kitab Nagri

زیشان نے دھیمی آواز میں کہا۔۔۔۔۔

اووووو ہو۔۔۔ '!!

میں اب یہاں سے جاتی ہوں۔۔۔۔۔۔

اروا نے مزاق میں کہتے ہوئے اٹھ گئی۔۔۔۔۔۔

ہانیہ نے اس کا ہاتھ کھینچ کر واپس بیٹھا لیا۔۔۔۔۔۔

پاگل دل پگل رہا ہے انگریز کا تم پہ۔۔۔۔۔۔

اروا نے ہانیہ کو کہا۔۔۔۔۔

زیشان اس کو ہی دیکھ رہا تھا۔۔۔۔

وہ واپس چارپائی پہ جو کر لیٹ گیا تھا اور موبائل نکال لیا تھا۔۔۔۔۔

نیند تو اس ململ کے بستر پہ انی نہیں ہے۔۔۔۔۔

چلو موبائل کس دیدارِ کرواتا ہوں اپنا۔۔۔۔۔۔

زیشان خود سے بربراتا ہوا موبائل پہ چٹ کر رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

رات کے تین بجے کا ٹائم تھا۔۔۔۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

سمینہ اٹھ کر وضو کر رہی تھی۔۔۔۔۔

وہ ایک برتن میں کچھ پانی اٹھائے گارڈن کے کنارے بیٹھے وضو کر رہی تھی۔۔۔۔۔۔

چاند کی کچھ کچھ روشنی سے کچھ چیزیں باہر واضح ہو رہی تھیں۔۔۔۔۔۔

وضو کرنے کے بعد سمینہ اٹھ کھڑی ہوئی اور اچانک اس کی نظر چمکتے آسمان پہ پڑی۔۔۔۔۔۔ !!!"

جو ستاروں سے صرف چمک ہی نہیں۔۔۔۔ دمک بھی رہا تھا۔۔۔۔۔۔

"!!

اے اللہ۔۔۔" !

اللہ!

آپ سن رہے ہیں ناں؟

مجھے ہر رات آپ سے بات کر کے سونے کی عادت تھی۔۔۔۔۔۔۔ جیسے ہی میں سونے کیلئے تکیے پہ سر رکھتی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔ آپ سے اپنی دن بھر کی تمام باتیں کرتی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔ ہر چھوٹی سے چھوٹی بات جو بظاہر بہت معمولی اور سادہ لگتی تھی۔۔۔۔۔۔۔ وہ بھی آپ سے کہتی تھی۔۔۔۔۔۔ اور مجھے یہی محسوس ہوتا تھا کہ !!"

Posted on Kitab Nagri

آپ میری باتوں کو بہت توجہ سے سنتے ہیں جیسے دنیا میرے علاوہ کوئی انسان نہیں ہیں اور آپ مجھے سن رہے ہیں۔۔۔۔۔ کبھی تو آپ سے باتوں باتوں میں ہی غائب ہو جاتی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔باتیں کرتی کرتی سو جایا کرتی۔۔۔۔۔۔

پھر میں بھٹک گئی آپ سے دور ہو گئی۔۔۔۔ آپ سے اپنا تعلق بحال کرنا چاہتی ہوں۔۔۔۔۔۔۔وہی راتیں واپس لانا چاہتی ہوں۔۔۔۔۔۔۔۔جو خالص تھیں۔۔۔۔۔۔۔میں آپ سے بات کر رہی ہوں آپ یقیننا مجھے سن رہے ہیں۔۔۔۔۔۔۔

مجھے ایک ابن آدم کی محبت نے ان پاکیزہ اور راحت بھری راتوں سے اور آپ سے دور کیا ہے۔۔۔۔۔

مجھے پھر سے آپ کے پاس لوٹنا ہے۔۔۔۔۔

کیونکہ آپ میرا دل نہیں توڑتے۔۔۔۔ آپ مجھے امتحان میں ڈال کر بھی مجھ پہ نظر رکھتے ہیں کہ میرا بندہ امتحان میں ہے جو میں خود لے رہا ہوں۔۔۔۔۔۔

مجھے واپس لوٹنا ہے۔۔۔۔۔

وہ کسی بچے کی طرح آسمان کی طرف دیکھ کر پھوٹ پھوٹ کر رو رہی تھی۔۔۔۔۔۔

اچھا تو اب تم میری شکایت کر رہی ہو اللہ سے ؟

وسیم پیچھے آکر بولا تھا۔۔۔۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

سمنیہ: نہیں کوئی شکایت نہیں۔۔۔۔۔میں خود کی اپیل لے کر اس پہر خدا کے سامنے ہوں۔۔۔۔۔۔۔۔۔ !!"

"!!

مجھے معاف کر دو۔۔۔۔۔۔!!

آج جو بھی تم سے میں نے کہا۔۔۔۔ !!

میں شرمندہ ہوں اس سب پہ۔۔۔۔۔

وسیم سمینہ کے سامنے سر نیچے کر کے بول رہا تھا۔۔۔۔

جیسے وہ بے حد شرمندہ ہو۔۔۔۔

اس کی آنکھوں سے جھلک رہا تھا۔۔۔۔۔

میں نے تم سے وعدہ کیا تھا کہ ابھی تمہاری آنکھوں میں آنسو نہیں آنے دوں گا لیکن۔۔۔۔۔ !!

ان آنسوؤں کا جو تمہاری آنکھوں سے آج نکلے ہیں اور نکل رہے ہیں۔۔۔۔

میں تمہیں یہ واپس تو نہیں کر سکتا لیکن۔۔۔۔ !!

کوشش کروں گا ان آنسوؤں کے بدلے تمہیں ہر خوشی دوں کہ آج اس رات کے بعد تمہاری آنکھ سے صرف خوشی کے آنسو نکلیں۔۔۔۔۔۔ !!!"

Posted on Kitab Nagri

لیکن آج کے لیے۔۔۔۔۔

وسیم نے ہاتھ جوڑ دیے تھے۔۔۔۔۔۔۔

نہیں نہیں ہاتھ نہیں جوڑو۔۔۔۔۔۔۔

کچھ نہ کچھ میری بھی غلطی ہے لیکن اس وقت صرف تم سے اتنا چاہتی ہوں کہ۔۔۔۔!!

تم نماز تہجد پڑھاؤ۔۔۔۔۔ !!

اور میں تمہارے پیچھے پڑھوں۔۔۔۔۔۔ !!"

سمنیہ نے اس کے آنکھوں میں دیکھ کر کہا۔۔۔۔۔۔

وسیم مسکرا دیا۔۔۔۔۔۔۔

بس صرف اتنی سے بات؟

ابھی آیا وضو کر کے تم چلو۔۔۔۔۔۔۔

اور ہاں سنو؛ !!

سمینہ پیچھے مڑی۔۔۔۔۔۔

اب میری کوئی شکایت نہ کرنا اللہ سے اور نہ مگرمچھ والے آنسو نکالنا۔۔۔۔۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

وسیم نے کہا۔۔۔۔۔۔۔۔۔

سمینہ ہنس پڑی تھی۔۔۔۔۔

سمینہ کمرے میں جا کر جائے نماز زمین پہ بچھا چکی تھی۔۔۔۔۔

وسیم نے کمرے داخل ہو کر چراغ جلایا

کیونکہ لائٹ نہیں تھی۔۔۔۔

اس کے بعد سمینہ پیچھے جائے نماز پہ دوپٹہ اوڑھ کر کھڑی ہو گئی۔۔۔۔

وسیم نے بازو ٹھیک کیے اور اس کے بعد۔۔۔۔۔۔۔ہاتھ بلند کر کے کانوں تک ہاتوں کو لے جا کر نیت کرنے کے بعد کہا تھا۔۔۔۔۔۔

"!!

اللہ اکبر۔۔۔۔۔ !!

چراغ کی ہلکی ہلکی روشنی سارے کمرے کو روشن کیے ہوئے تھی۔۔۔۔جو سکون اور راحت محسوس کر رہی تھی۔۔۔۔۔

ٹھنڈی ہوا کھڑکی کے پردوں کو اڑا رہی تھی۔۔۔۔

اور وہ چاروں طرف جھوم رہے تھے۔۔۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

سمینہ وسیم کے پیچھے نماز پڑھ رہی تھی۔۔۔۔۔

وسیم بلند آواز سے پڑھ رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

"!!

رب اجعلنی مقیم اصلاتی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

یوم یقوم الحاسب۔۔۔۔۔۔۔۔۔ !!

وسیم نے بلند آواز میں کہا۔۔۔۔۔۔۔

اور سلام پھیرتے ہوئے اپنے کندھوں پہ دیکھا۔۔۔۔۔۔ !!

اس کے بعد دونوں نے دعا کے لیے ہاتھ اٹھا لیے تھے۔۔۔۔۔۔

ٹھنڈی ہوا کے ایک زوردار جھونکے نے سمینہ کو ڈرا دیا تھا۔۔۔۔۔

جو بھاگ کر آگے وسیم کے پاس جا بیٹھی تھی۔۔۔۔۔۔۔

ڈر کے سہمے ہوئے۔۔۔۔۔ !!

"!!

کیا ہوا؟؟

Posted on Kitab Nagri

وسیم نے جلدی سے دونوں ہاتھ منہ پہ پھر کر پوچھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

سمینہ: نہیں کچھ نہیں وہ پردہ۔۔۔۔۔۔۔

اس سے ڈر گئی ہو تو با۔۔۔ !!

وہ مسکرانے لگا۔۔۔ !!

کچھ نہیں ہوتا۔۔۔ !!

سمینہ خود کو اس کے پاس بیٹھا محفوظ محسوس کر رہی تھی۔۔۔۔۔

وہ اسی پردے کو دیکھتے ہوئے افت کی آج کہی ہوئی بات کو یاد کرنے لگی۔۔۔۔!!!

*****

صبح ہو چکی تھی اور ازانون کی آواز ہر طرف اندھیرا اور چمکتے آسمان کی چاندنی میں چاروں طرف سنائی دے رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

گھر کے سب بڑے لوگ اٹھ کر نماز پڑھ رہے تھے۔۔۔۔۔

تھوڑی ہی دیر میں ہلکی ہلکی روشنی ہر طرف پھیلنے لگی تھی۔۔۔۔

ہلکی ہلکی روشنی کے ساتھ بچوں نے بھی باری باری آنکھیں کھولنا شروع کر دی تھیں۔۔۔۔

"!!

Posted on Kitab Nagri

ہادی؟

ہادی۔۔۔۔

اوئے ہادی اٹھ۔۔۔ !!

ریحاب کے بچے باری باری ایک دوسرے کو اٹھا رہے تھے۔۔۔۔

توکب اٹھا ہے؟

زوہیب نے ہادی سے پوچھا۔۔۔۔۔۔

ابھی اٹھا ہوں تھوڑی منٹ پہلے۔۔۔

توکیوں نہیں اٹھ رہا تھا کب سے اٹھا رہا ہوں۔۔۔۔

زوہیب ماسوم بچوں کے طرح توتلی آواز میں ہادی کو کہ رہا تھا۔۔۔۔

اوئے مجھے نیند آئی ہے رک زرا دو منٹ سو لوں۔۔۔۔۔

ہادی جس نے ابھی آنکھیں پوری کھولی ہی نہیں تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔

آنکھوں پہ بازو دیکھ کے سو گیا

اتنے میں بلہاج اٹھ گیا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

آ اس کو سونے دو ہم کھیلتے ہیں۔۔۔۔۔

آنکھیں ملتا اٹھ کر بیٹھتا ہوئے بلہاج نے کہا۔۔۔۔۔

پنکھے بند ہو چکے تھے۔۔۔۔

اور باری باری سب اٹھ کر اندر کمروں میں جا رہے تھے۔۔۔۔۔۔

آمیر ابیٹا۔۔۔۔۔

میر اشہزادہ۔۔۔۔۔

خالدہ نے زیشان کو آنکھیں ملتے ہوئے سیر ھویں سے نیچے آتا دیکھ کر کہا۔۔۔۔۔

وہ قرآن کی تلاوت کر رہی تھی۔۔۔۔۔۔

ہاں خالہ۔۔۔ !

گڈمارننگ۔۔۔۔ !!

کی آکھیا اے۔۔۔۔۔؟

خالدہ نے جواب میں کہا۔۔۔۔

پسسسسسسسسسسسسسس

او

Posted on Kitab Nagri

اوہ سوری خالہ۔۔۔۔۔ !!

مطلب صبح بخیر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ !

اچھا اچھا تمہیں بھی صبح بخیر بیٹا ادھر آؤ میرے پاس بیٹھو۔۔۔۔۔۔

رات سوئے نہیں ہو کیا؟

خالدہ نے زیشان کے سر پر ہاتھ پھیرتے ہوئے کہا۔۔۔۔۔۔

"!!

ہاں سویا تھا۔۔۔۔۔

مگر جاگتے ہوئے۔۔۔۔۔ !

زیشان نے اونگھ کو روکتے ہوئے منہ پہ ہاتھ رکھتے ہوئے کہا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ !!

"!!

پتر سو جانا سی۔۔۔۔۔۔۔ !

کی خالہ نیندر ہی نہیں آئی چارپائی چب رہی سی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ !

ہا میرا پتر۔۔۔۔۔ !

Posted on Kitab Nagri

تو مینوں سے دسدا آکے۔۔۔۔۔۔

میں کجھ کر کے دیندی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ !

زیشان آنکھوں کو صاف کرتا ہوا پاس پڑا پانی پینے لگا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ !

"!!

ماسی۔۔۔ !!

یہاں میں بھی ہوں۔۔۔۔جو رات اسی زہمت سے نہیں سو سکی۔۔۔۔۔ !

کہ آپ کو کہ دوں۔۔۔۔۔۔

ہانیہ نے نیچے اترتے ہوئے کہا۔۔۔۔۔

"!!

ہائے۔۔۔۔

مینو دسدے تسی۔۔۔۔

ہانیہ۔۔۔۔ !

نہیں خالہ تسی میرے اوتے وہ صدقے تے واری جاؤ ہن۔۔۔۔۔۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

ہانیہ نے لاڈ کرتے ہوئے خالدہ کے پاس جا کر بیٹھتے ہوئے کہا۔۔۔۔۔۔

اروا :

!!"ماسی سارا پیار یہاں نہ لوٹا دیں۔۔۔۔

میں بچاری بھی کچھ نہ کچھ پیار کی مستحق اور حقدار ہوں آپ سے۔۔۔۔۔۔۔ !!

اروا نے کہا۔۔۔۔۔

زیشان ہسنے لگا۔۔۔۔۔۔

!!"خالدہ بھی ہسنے لگی۔۔۔۔۔

!!"اوافریقن لڑکیوں۔۔۔۔ !

پہلے میں آیا تھا اور زیادہ پیار مجھے ملنا چاہیے۔۔۔۔۔۔۔ "!!

اس نے مزاق میں اس کو منہ چھڑاتے ہوئے کہا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔!!

اچھا اچھا لڑو تو نہیں۔۔۔۔۔۔ !!

سب کو سب سے بڑھ کر پیار ملنے کا حق ہے ماسی کا۔۔۔۔۔۔۔ !

"!!

Posted on Kitab Nagri

نہیں ماسی سب سے زیادہ میرا۔۔۔۔ !

تمہیں موبائل سے نکل کر کہنے کی فرصت مل۔ گئی ہے کیا چھپکلی۔۔۔۔۔۔ !

زیشان نے اروا کی بات پہ پیچھے کر کا کہا۔۔۔۔۔۔۔۔

" !!

ہانیہ۔۔۔۔۔۔

ہاہاہا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ !

یہ کام بھی تو ضروری ہے ناں۔۔۔۔۔۔۔

صبح صبح اٹھانا۔۔۔۔۔۔

اٹھ کر نماز پڑھ لو۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اب ناشتا کر لو۔۔۔۔۔۔

اب آفس چلے جاؤ۔۔۔۔۔۔۔۔

اب کھانا کھالو۔۔۔۔۔۔

اب کہاں ہو۔۔۔۔۔۔؟

Posted on Kitab Nagri

اب واپس نہیں آئے۔۔۔۔۔۔۔۔؟

ابھی دوستوں ساتھ ہو۔۔۔۔۔۔۔۔؟

ابھی گھوم رہے ہوناں دوستوں ساتھ مریدوں ساتھ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔؟؟

ابھی تمیز سے واپس آجاؤ۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اور۔۔۔۔۔۔۔۔۔ !!

نہیں نہیں اور کیا بول دو یہ بھی۔۔۔۔۔۔۔؟اروا نے ہانیہ کی بات کو کاٹتے ہوئے کہا۔۔۔۔۔۔۔۔

"اور یہ کہ اب واپس آکر نامش پڑھ لو اور گھر میں بیٹھ جاؤ۔۔۔۔۔۔

ورنہ۔۔۔۔۔۔ !

ہاں ہاں ورنہ کیا؟

ورنہ مجھ میں چڑیل اجائے گی۔۔۔۔۔۔۔۔۔

ہانیہ اروا کے کان میں کہ کر بھاگ گئی تھی۔۔۔۔۔۔۔

زیشان زور سے ہسنے لگا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔

اروا بھی صحن کے ایک کونے میں بھاگ کر کھڑی زور زور سے ہنس رہی تھی۔۔۔۔۔۔ !!

Posted on Kitab Nagri

"تو رک زرا۔۔۔۔۔۔۔۔۔ !

میں بتاتی ہوں۔۔۔۔۔۔۔۔ تمہیں۔۔۔۔۔۔۔ ساری باتیں ہاں۔۔۔۔۔۔۔۔ !!

اروا ہانیہ کی طرف بھاگ رہی تھی۔۔۔۔۔۔ اور ہانیہ ایک کونے سے دوسرے کونے میں۔۔۔۔۔

زیشان بیٹھا ہنس رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔

"!!

یہ ہانیہ بھی ناں۔۔۔۔۔۔۔ !

اس نے مسکراتے ہوئے سر نیچے کو جھٹک لیا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔!!

ٹھنڈی ہوا چل رہی تھی۔۔۔۔ جو گھر کے باہر کے درختوں کو گھما رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔

درختوں کے جھومنے کی آواز ایک عجیب سکون اور راحس محسوس کر رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔ !

"نہیں مجھے یہیں ہوا میں بیٹھنا ہے اندر نہیں جانا۔۔۔۔۔۔۔

ہانیہ اتوار کو کہہ رہی تھی۔۔۔۔۔

باقی سب اپنے کاموں میں مصروف تھے۔۔۔۔۔۔۔۔۔

"!!

Posted on Kitab Nagri

زیشان بھی وہی بیٹھا کسی سے ویڈیو کال پہ کچھ آفس ورک کی بات کر رہا تھا۔۔۔۔۔۔

'!

تم کیا لگے ہوئے ہو پیچھلے گھنٹے سے۔۔۔۔۔۔

ہانیہ نے زیشان کو کہا۔۔۔۔۔ !!

ہاں وہ میری بیوی اور بچے ہیں ناں آفس میں۔۔۔۔۔

بس انہی کا پوچھ رہا ہوں۔۔۔۔۔ !

زیشان نے طنزین کہا۔۔۔۔۔۔۔۔۔ !

واٹ سر؟

نہیں نہیں تمہیں نہیں کہا تم ورک کرو اپنا میں بعد میں بات کرتا ہوں۔۔۔۔۔

زیشان نے کہ کر کال کاٹ دی۔۔۔۔۔۔۔ "!

"افریقن جب کوئی بات کرتا ہے تو پیچھے سے نہیں بولتے۔۔۔۔۔۔۔ !

ہانیہ: لیکن میں تو بولتی ہوں۔۔۔۔۔۔ اور یہ میرا فیورٹ مشغلہ ہے۔۔۔۔۔۔

اس نے کندھے اچکاتے ہوئے کہا۔۔۔۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

'!

ویسے یہ مشغلہ ہے یا جیلسی؟زیشان نے پیچھے گردن پہ ہاتھ پھیرتے ہوئے کہا۔۔۔۔۔۔۔۔

اروازور سے ہنسی۔۔۔۔۔۔۔ !

زیشان یہ دونوں چیزیں ہیں۔۔۔۔۔۔۔۔

ہانیہ۔۔۔۔۔۔۔
اممممم ہممممم۔۔۔۔۔۔۔۔

اس نے اروا کو آنکھیں دکھائیں۔۔۔۔۔۔

شیشان مسکرانے لگا۔۔۔۔۔

اچھا تو یہ بات ہے محترمہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔!!

یہ میری دوست ہے اس سے ملو۔۔۔۔

دوپہر جب مہمان آنے لگے تو عروج کے ساتھ اس کی سہیلی بھی آئی تھی۔۔۔۔۔

عروج نے آیت سے کہا۔۔۔۔

اوہ اسلام وعلیکم۔۔۔۔ !

Posted on Kitab Nagri

آیت نے جوش دلی سے ہاتھ ملایا۔۔

پیاری ہے ناں۔۔۔۔

دیکھو پیاری لگتی ہے نہ دیکھنے میں کسی گڑیا کی طرح۔۔۔۔۔

عروج نے آیت سے کہا۔۔۔۔

ہاں اچھی ہے۔۔۔۔

بس اچھی ہے؟

عروج نے واپس سوالیہ انداز میں پوچھا۔۔۔۔

ہاں اچھی ہے ٹھیک ہے۔۔۔۔

آیت نے کہا۔۔۔۔۔

"اچھا تم سب بیٹھو میں آئی۔۔۔۔

آیت انہیں بیٹھا کر خالدہ کے پاس چلی گئی۔۔۔

"!!

اس کے ہاتھ کانپنے لگے تھے۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted on Kitab Nagri

اس کا جسم نڈھال ہو گیا تھا جیسے اس کے پاؤں سے جان نکل رہی ہو۔۔۔۔۔۔

آیت۔۔۔۔ !

یہ یہ میرا دل کیوں دھڑک رہا ہے۔۔۔؟

کیوں میری جان نکلی جا رہی ہے سوچ کر۔۔۔؟

یہ یہ میں اپنی ٹانگوں پہ کھڑی کیوں نہیں ہو سک رہی؟

یہ یہ میرے ہاتھوں سے پسینا کیوں چھوٹ رہا ہے؟

یہ میرا سانس کی نالی ایسے کیوں لگ رہا کہ کسی نہ بند کر دی ہو۔۔۔۔۔

یہ جب اج سے چار سال پہلے میں اس کا نام تک اپنی زندگی سے ختم کر چکی ہو تو اس کا خیال بھی میری اس طرح نڈھالی کیوں کر رہا ہے۔۔۔؟

میں نے تو خود کو بہت مضبوط کر لیا تھا کہ جو کچھ مرضی ہو جائے مجھے اس سے اس کے کسی چیز سے کوئی فرق نہیں پڑتا تو آج میرا بے معنی بات جس کا صحیح علم بھی نہیں ہے سوچ کر کیوں میرے ہاتھوں سے جان نکل رہی ہے!؟

"!!

وہ استری ہوئے کپڑوں کو دوبارہ استری کرنے لگ گئی تھی۔۔۔

اور خود سے بول رہی تھی۔۔۔

